© rasailojaraid.com



(پروفیسر جعفر بلوچ ، لاہور)

# ترانہ شبانِ اسلام

گا ہے سرودِ رودِ رواں ہم ہیں دوستو
گا ہے خروشِ رعدِ گراں ہم ہیں دوستو

دونوں جہاں کی کیوں نہ ہمیں عظمتیں ملیں
وابستۂ شہِ دو جہاں ہم ہیں دوستو

از بر ادا ادا ہے ہمیں بزم و رزم کی
ابرِ مطیر و برق تپاں ہم ہیں دوستو

دیں اور سر زمیں سے ہماری ہے آبرو
اخلاص اور وفا کا نشاں ہم ہیں دوستو

خیر و سلام و امن واماں کے پیامبر
یہ راز ہے ہر اک پہ عیاں، ہم ہیں دوستو

ہم رہروانِ راہِ فلاح و نجات ہیں
خوش مسلکِ صلوۃ و اذاں ہم ہیں دوستو

کرتے ہیں راہِ حق میں جہاد و قتال بھی
دلدادگانِ تیغ وسناں ہم ہیں دوستو

تاریخ ہے ہمارے تہوّر کی سر گزشت
اک داستانِ عزمِ جواں ہم ہیں دوستو

رد مرزائیت میں اہم کتاب

# کذبات مرزا

تالیف: مولانا عبدالواحد مخدوم

ایک سو جھوٹ اور متعدد جھوٹی پیش گوئیاں (صفحات: 380 قیمت: =/200)

بخاری اکیڈمی دارِ بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان فون: 511961

© rasailojaraid.com